Maulana Azad National Urdu University

M.A. (Urdu)

I - Semester Examination November/December - 2015

Paper : 3 - Tareekh-e-Adab Urdu

تیسرا پرچہ : تاریخ ادب اردو (دبستان، تحریکات، رجحانات)

Total Marks : 70 **Time : 3 hours**

حصہ الف

تمام سوالات لازمی ہیں۔ ہر سوال کے چار جوابات دیے گئے ہیں۔ صحیح جواب کی نشاندہی کیجیے۔ 10x1=10

1۔ کس شاعر کا تحریک ایہام گوئی سے تعلق نہیں تھا۔

(الف) شاہ مبارک آبرو (ب) خان آرزو (ج) میر تقی میر (د) شاکر ناجی

2۔ اصلاحِ زبان کی تحریک کا ایک نمایاں نام ہے۔

(الف) مصحفی (ب) غالب (ج) ناسخ (د) اقبال

3۔ دریائے لطافت کس کی کتاب ہے؟

(الف) انشاءاللہ خان انشاء (ب) مولوی عبدالحق (ج) رشید حسن خان (د) آتش

4۔ قوم کی تشکیل اور شناخت ہوتی ہے۔

(الف) علوم سے (ب) فنون سے (ج) ملت سے (د) وطن سے

5۔ سینٹ جارج کالج کا قیام کب عمل میں آیا۔

(الف) 1817 (ب) 1717 (ج) 1825 (د) 1725

6۔ انجمن پنجاب لاہور سے قبل کس نے ذاتی طور پر نظم نگاری کو فروغ بخشا۔

(الف) امام بخش صہبائی (ب) مولوی محمد حسین آزاد (ج) اسماعیل میرٹھی (د) مصحفی

7۔ ''ورنا کلر ٹرانسلیشن سوسائٹی'' کس ادارہ کا حصہ ہے۔

(الف) سینٹ جارج کالج (ب) قدیم دہلی کالج (ج) فورٹ ولیم کالج (د) جامعہ عثمانیہ

8۔ ''دارالترجمہ'' کس کی نگرانی میں قائم کیا گیا۔

(الف) وحیدالدین سلیم (ب) مولوی عبدالحق (ج) حبیب الرحمٰن شیروانی (د) مسعود حسین خان

9۔ ہندوستان میں جدیدیت کا زمانہ شروع ہوتا ہے۔

(الف) 1950 سے (ب) 1960 سے (ج) 1970 سے (د) 1980 سے

10۔ مابعد جدیدیت کیا ہے؟

(الف) تحریک (ب) رجحان (ج) ثقافتی صورت حال (د) تاریخ

P.T.O.

حصہ ب

مندرجہ ذیل سوالوں میں سے کوئی پانچ کے جوابات مطلوب ہیں جو صرف دو سو (200) لفظوں پر مشتمل ہو۔ 6 x 5 = 30

1۔ ایہام گوئی سے کیا مراد ہے؟ مثالوں سے سمجھایئے۔

2۔ دبستان سے کیا مراد ہے؟ دبستانِ لکھنؤ کے چند نمائندہ شعرا کا تعارف کرایئے۔

3۔ دہلی کالج کی خدمات ادبی سے زیادہ سائنسی ہیں؟ ثابت کیجیے۔

4۔ انجمنِ پنجاب لاہور اور علی گڑھ تحریک میں کیا کیا چیزیں مشترک ہیں؟ واضح کیجیے۔

5۔ پریم چند کی تحریروں کی چند نمایاں خصوصیات کو اجاگر کیجیے۔

6۔ جدیدیت اور مابعد جدیدیت کے افتراقات کی نشاندہی کیجیے۔

7۔ باغ و بہار کی خصوصیات کو اجاگر کیجیے۔

8۔ ردِ تشکیل سے کیا مراد ہے؟ وضاحت کیجیے۔

حصہ (ج)

مندرجہ ذیل سوالوں میں سے کوئی دو کے جوابات کم سے کم ایک ہزار (1000) الفاظ میں لکھیے۔ 15 x 2 = 30

1۔ مابعد دکنی اردو مثنویوں کا جائزہ لیجیے۔

2۔ علی گڑھ تحریک کی نثری خدمات کو واضح کیجیے۔

3۔ ترقی پسند تحریک نے اردو شاعری کو کس طرح متاثر کیا ہے؟ روشنی ڈالیے۔

4۔ اردو میں قومی اور وطنی شاعری پر سیر بحث حاصل کیجیے۔

☆☆☆